# والدین کے لیے ایک رہنما . . .
# نشاندہی، پلیسمینٹ اور بازدید کمیٹی (IPRC)

اونٹاریو ایجوکیشن ایکٹ کے تحت لازم ہے کہ تمام اسکول بورڈ ایسے بچوں کو خصوصی تعلیمی پروگرام اور خدمات فراہم کرائیں جنھیں ان کی ضرورت ہے۔

اسکول بورڈوں کے لیے لازم ہے کہ نشاندہی، پلیسمینٹ اور بازدید کمیٹیاں (IPRCs) تشکیل دے تاکہ ایسے طلبہ کی شناخت ہو سکے جنھیں خصوصی تعلیمی پروگرام اور خدمات کی ضرورت ہے۔ ان کمیٹیوں میں کم از کم تین لوگ ہونے چاہئیں جن میں سے ایک اسکول پرنسل یا بورڈ سپروائزری آفیسر کا ہونا لازم ہے۔ IPRCs صوبائی قانون (Regulation 181/98) کے تحت ایک باقاعدہ پروسس پر عمل آور ہوتی ہیں۔

یورک علاقے کا ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ اپنے طلبہ کی کامیابی کے تئیں عہد بند ہے۔ ہم یہ تسلیم کرتے ہیں کہ طلبہ کی نشو و نما اور سیکھنے کا عمل الگ الگ ہوتا ہے، اور یہ کہ بعض طلبہ کو خصوصی تعلیمی پروگراموں اور خدمات کی ضرورت پڑتی ہے، جنھیں اُن کی انفرادی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے ہی ڈھالا گیا ہے۔

والدین کے لیے تیار شدہ اس رہنما رسالے میں یہ تشریح کی گئی ہے کہ IPRCs کس طرح سے ایسے طلبہ کی نشان دہی کرتی ہیں جنھیں خصوصی تعلیمی پروگراموں کی ضرورت ہے، والدین کے طور پر آپ کے حقوق واضح کرتی ہیں، اور یہ بتاتی ہیں کہ آپ کی مشارکت سے آپ کے بچے کے حق میں بہتر تعلیمی فیصلے کرنے میں کس طرح مدد ملے گی۔

## آئی پی آر سی (IPRC) :

- یہ طے کرتی ہے کہ کیا آپ کے بچے کی نشاندہی "غیر معمولی" کے طور پر کی جائے یا نہیں۔ (غیر معمولی شاگرد سے مراد ایسے شاگرد سے ہے جس کے رویّے اور بات چیت میں، ذہنی اور جسمانی طور پر یا کسی اور طرح کا غیر معمولی پن کچھ ایسا ہے کہ اس کے سبب ایک کمیٹی کے ذریعے یہ غور کیا جاتا ہے کہ اسے "خصوصی تعلیمی پروگرام' کے تحت رکھنے کی ضرورت ہے یا نہیں)؛
- غیر معمولی پن کے زمرہ اور سطح کی نشاندہی کرتی ہے؛
- جس بچے کی نشاندہی غیر معمولی کے طور پر کی گئی ہے اس کی مناسب پلیسمینٹ کا فیصلہ کرتی ہے؛ اور
- ہر تعلیمی سال میں کم از کم ایک باراس نشاندہی اور پلیسمینٹ کی بازدید کی جاتی ہے۔

## IPRC سے قبل

اگر اسکول پرنسپل اور بچے کے استاد یہ مانتے ہیں کہ خصوصی تعلیمی پروگرام سے بچے کو فائدہ پہنچے گا تو وہ اسے ایک IPRC کے پاس بھیج دیتے ہیں۔ آپ خود بھی اپنے بچے کے اسکول پرنسپل سے کہہ سکتے ہیں کہ اسے IPRC کے پاس بھیج دیا جائے۔ ضروری ہوگا کہ ایسی درخواست تحریری طور دی جائے۔ آپ کی درخواست موصول ہونے کے پندرہ دن کے اندر پرنسپل آپ کو تحریری جواب بھیجے گا/گی، جس میں بتایا جائےگا کہ IPRC کی میٹنگ کب ہونے والی ہے۔

آپ کو IPRC کی میٹنگ میں شریک ہونے کا خط ملے گا۔ اس میں میٹنگ کی تاریخ، وقت اور مقام درج ہوگا۔ IPRCs کی میٹنگیں آپ کے بچے کے اسکول میں بھی ہو سکتی ہیں۔ میٹنگ کا یہ دعوت نامہ IPRC کی میٹنگ سے کم از کم دس دن پہلے آپ کو مل جائےگا، جس کے ساتھ رہنما کتابچے کی ایک کاپی بھی ہوگی۔

آپ کے بچے کے اسکول میں موجود استاد برائےخصوصی تعلیمی وسائل (Special Education Resource Teacher-SERT) کے ساتھ ہونے والے مذاکرات IPRC کی میٹنگ سے کافی پہلے شروع ہو جانے چاہئیں، جن میں یہ مشورہ/ سفارش شامل ہو کہ کس قسم کی پلیسمینٹ آپ کے بچے کی قوتوں اور ضرورتوں کے لیے سودمند ہوگی۔ والدین اور طلبہ کے لیے کمیونیکیشن گائیڈ ( A Communication Guide for Parents and Students) کے بروشر میں، جو بورڈ کی ویب سائٹ www.yrdsb.ca پر مہیا ہے، اسکول اور گھر کے مابین ترسیل کو مضبوط کرنے کی تدبیریں واضح کی گئِ ہیں۔

## جو والدین میٹنگ میں شریک نہ ہو سکیں انھیں چاہیے کہ:

- ایک متبادل تاریخ یا وقت کا تعین کرنے کے لیے اپنے بچے کے اسکول پرنسپل سے رابطہ قائم کریں؛ یا
- پرنسپل کو یہ اطلاع دے دیں کہ آپ شریک نہیں ہو سکتے۔ میٹنگ کے بعد پرنسپل آپ سے رابطہ قائم کرکے کمیٹی کے فیصلوں سےآگاہ کرےگا ،اورنشاندہی اور پلیسمینٹ سے متعلق IPRC کے فیصلے پر مبنی ایک تحریری بیان آپ کے ملاحظے کے لیے بھیجے گا۔

## IPRC کی میٹنگ میں کون کون شریک ہوتا ہے؟

کمیٹی میں کم از کم تین لوگ شامل ہوں گے، جن میں سے ایک پرنسپل یا بورڈ سپروائزری آفیسرکا ہونا ضروری ہے۔

ان کے علاوہ یہ اضافی لوگ بھی شریک ہو سکتے ہیں:

- آپ اور آپ کا بچہ (جومناسب سمجھے جائیں، ایسے طلبہ کا شرکت کے لیے استقبال ہے؛ سولہ برس یا اس سے زیادہ عمروالے طلبہ شریک ہونے اور گفتگو میں حصہ لینے کے مجاز ہیں)؛
- آپ کے بچے کے اسکول کا پرنسپل؛
- آپ کے بچّے کا استاد اور دیگر وسائلی افراد، جیسے خصوصی تعلیمی عملہ، بورڈ سپورٹ اسٹاف، یا ایجینسی کا نمائندہ جو مزید اطلاعات یا وضاحتیں پیش کر سکے۔
- ایک ایسا نمائندہ جو آپ کی یا آپ کے بچے کی وکالت کرے؛ اور/ یا
- ایک مترجم، اگر ضروری ہو، (آپ کی درخواست پر اسکول پرنسپل فراہم کرائے گا)۔

## IPRC کس طرح کی اطلاعات پرغور کرے گی؟

IPRC کی میٹنگ سے پہلے اسکول پرنسپل اس بات کو یقینی بنائے گا کہ کسی بھی قسم کی تشخیص کے نتائج پر پہلے ہی آپ سے گفتگوکرلی جائے۔ آپ کے بچے سے متعلق ہر طرح کی اطلاعات پر مبنی یہ تحریری کاپی آپ کو مل جائے گی کہ IPRC کو کس طرح کی تشخیص کے نتائج یا اطلاعات کا خلاصہ موصول ہو چکا ہے۔ آپ خود بھی کمیٹی کو اطلاعات فراہم کر سکتے ہیں۔ اگرچاہیں تو آپ اسکول پرنسپل کو، IPRC سے پہلے ہی، ایسی اطلاعات تحریری شکل میں دے سکتے ہیں جن کو آپ IPRC کی بازدید یا ملاحظے کے لیے دینا چاہتے ہیں۔

## IPRC کے دوران

میٹنگ کا آغاز IPRC کے سربراہ کے ذریعے آپ کے استقبال اور کمیٹی کے اراکین سے آپ کا تعارف کراکے کیا جائے گا۔ اس کے بعد آپ کو یہ موقع ملے گا کہ اپنا اور اپنے مہمانوں کا تعارف کرائیں۔ IPRC کے سربراہ میٹنگ کے مقاصد اختصار سے بیان کریں گے۔ آپ کی حوصلہ افزائی کی جائے گی کہ مباحث میں شرکت کریں۔ کمیٹی درج ذیل کام انجام دے گی:

- آپ کے بچے کے بارے میں فراہم مناسب اطلاعات کی بازدید کرے گی؛
- آپ کے بچے کی تعلیمی تشخیص پر غوروفکر کرے گی؛
- ضروری ہوا تو آپ کے بچے کی صحت یا نفسیاتی جانچ پر غور کرے گی؛
- آپ کے بچے سے بات کرے گی (اگر وہ سولہ برس سے کم عمر ہے تو والدین کی منظوری سے)، اگر یہ محسوس کیا گیا کہ ایسا کرنا مفید ہوگا؛
- ایسی اطلاعات پرغوروفکر کرے گی جو آپ یا آپ کا بچہ (اگر وہ سولہ برس سے زیادہ عمر کا ہے) فراہم کریں گے؛ نیز
- آپ کے بچے کی قوتوں اور ضرورتوں کی تشخیص کرے گی۔

آپ کے بچے کے لیے خصوصی تعلیمی پروگرام یا خدمات کے سلسلے میں پیش کردہ کسی بھی تجویز پر کمیٹی گفتگو کرے گی۔ جب تمام اطلاعات کمیٹی کے سامنے پیش کی جا چکی ہوں گی اور ان پر غوروفکر کر لیا جائےگا، تو IPRC طے کرے گی:

a) کیا آپ کے بچے کی نشاندہی ایک غیر معمولی بچے کے طور پر کی جائے یا نہیں۔ اگر ہاں، تو کمیٹی کے لیے لازم ہوگا کہ وہ اس کا زمرہ طے کرے (* نشان لگا کر نشاندہی کرے) اوراس کے غیر معمولی پن کی تعریف اُن اصولوں کے مطابق متعین کرے جو اونٹاریو کی وزارتِ تعلیم میں مذکور ہیں:

*رویّہ
رویّہ

*جسمانی
نابینا اور کم بینائی
جسمانی معذوریت

*ترسیل وگفتگو
توجہ کا فقدان
سماعت سے محرومی اور کم سننا
سیکھنے میں معذوری
بولنے میں خامی

* ذہنی/دماغی
نشو و نما کی خامی
قدرتی قابلیت
معمولی ذہنی معذوری

*متعدد قسم کے غیر معمولی پن

b) آپ کے بچہ کے لیے، جس کی شناخت غیرمعمولی بچے کے طور پر کی گئی ہے، سب سے مناسب پلیسمینٹ اس طرح ہوگی:

- مستقل کلاس روم، بالواسطہ خدمات  کے ساتھ؛
- مستقل کلاس روم، وسائلی تعاون  کے ساتھ؛
- مستقل کلاس روم، باہر نکالنے کے لئے تعاون کے ساتھ؛
- جزوی طور پر مجتمع  (کمیونٹی کلاس یا طلبہ کی امدادی خدمات)؛ یا
- مکمل طور پر الگ خصوصی تعلیمی کلاس

ترجیح اس بات کو دی جاتی ہے کہ بچہ کو اپنے ہی اسکول میں رہ کرمناسب پروگرام اور خدمت فراہم کی جائے۔ اگر کمیٹی یہ فیصلہ کرتی ہے کہ ایک خصوصی تعلیمی پلیسمینٹ ضروری ہے، تو پہلے وہ یہ غور کرے گی کہ اگر اس کی عام مستقل کلاس میں ہی مناسب خصوصی تعلیمی امداد فراہم کی جائے تو کیا اس سے آپ کے بچے کی ضرورتیں پوری ہو جائیں گی اور کیا ایسی پلیسمینٹ آپ کی خواہش کے عین مطابق ہے۔ اگر خصوصی تعلیمی کلاس فراہم کرانے کا فیصلہ کیا جاتا ہے، تو IPRC کوچاہیے کہ اپنے تحریری فیصلے میں اس کے اسباب بھی واضح کرے۔

### IPRC کے تحریری فیصلے میں کیا کیا شامل ہوگا؟

فیصلے سے متعلق IPRC کے تحریری بیان میں :

- IPRC کا نشاندہی کا فیصلہ لکھا ہو گا کہ کیا آپ کے بچے کی نشاندہی بطور غیر معمولی کی گئی ہے؛
- آپ کے بچے کی نشاندہی اگر بطور غیر معمولی کی گئی ہے تو وضاحت کی جائےگی:
  - اس کے غیر معمولی پن کا زمرہ اور نوعیت (وزارتِ تعلیم کے مطابق) اور؛
  - آپ کے بچے کی قوتیں اور ضرورتیں؛
- IPRC کا پلیسمینٹ کا فیصلہ لکھا ہوگا، اور اگر فیصلہ خصوصی تعلیمی کلاس میں بھیجنے کا کیا گیا تو اس کے اسباب درج ہوں گے؛ اور
- خصوصی تعلیمی پروگرام اور خصوصی تعلیمی خدمات کے لیے پیش کی گئی سفارشات درج ہوں گی۔

آپ سے IPRC کے فیصلے کے بیان پر دستخط کرنے کے لیے کہا جائے گا، جس کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ IPRC کے ذریعے کیے گئے "نشاندہی اور جایابی" کے فیصلوں سے متفق ہیں۔ آپ اپنے دستخط IPRC کی میٹنگ میں ہی کر سکتے ہیں، یا مزید غور و فکر کے لیے اپنے گھر لے جا سکتے ہیں، اور بعد میں اسے اسکول پرنسپل کے حوالے کر سکتے ہیں۔

## IPRC کے بعد

اگر IPRC نے بطور غیر معمولی آپ کے بچے کی نشاندہی کی ہے اور آپ IPRC  کے فیصلے سے متفق ہیں، تو ایسے اسکول کے پرنسپل کو، جہاں اسے خصوصی تعلیمی پروگرام مہیا کرایا جائےگا، یہ نوٹس بھیج دیا جائےگا کہ آپ کے بچے کے لیےایک انفرادی تعلیمی منصوبہ (IEP) تیار کرنے کی ضرورت ہے۔

آپ کے بچے کے لیے IEP آپ کے مشورے سے، اسکول اسٹاف کے ذریعے تیار کیا جاتا ہے۔ IEP میں شامل ہوتے ہیں:

- اس خصوصی تعلیمی پروگرام اور خدمات کا خاکہ جو فراہم کی جائیں گی؛
- خصوصی تعلیمی توقعات؛
- وہ سب ضروری سہولتیں جو خصوصی تدریس اور تشخیص کی تدابیر سے متعلق ہوں، ہر طرح کا شخصی تعاون، اور/ یا انفرادی طور پر فراہم کیا جانے والا سازو سامان جو آپ کے بچے کی تدریس

اور سیکھنے کے مظاہرے کے لیے ضروری ہو۔ گریڈ کے سلسلے میں یہ سہولتیں علاقائی نصاب کی توقعات میں کوئی تبدیلی نہیں کرتیں؛

- نصاب میں ایسی ضروری ترمیمات جو کسی مضمون یا کورس میں گریڈ لیول کی توقعات میں تبدیلی کرکے لائی جاتی ہیں تاکہ طالبِ علم کی درسی ضرورتیں پوری ہو سکیں۔ نصاب میں کی گئی ان تبدیلیوں میں شامل ہو سکتے ہیں_ مختلف گریڈ لیول اور/ یا نمبروں میں اضافہ یا تخفیف، اور/ یا ریگولر گریڈ لیول نصابی توقعات میں پیچیدگی؛
- پیش رفت یا پروگریس کی بازدید میں استعمال کیے جانے والے طریقوں کی وضاحت؛ اور
- پس ثانوی اسکولی سرگرمیوں میں منتقلی کا ایک عبوری منصوبہ (مثلاً کام، مزید تعلیم،اور کمیونٹی رہن سہن) ان بچوں کے لیے جو چودہ سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہوں۔

جب آپ کے بچے کو خصوصی تعلیمی پروگرام میں رکھ دیا جائے تو ضروری ہے کہ IEP تیس تعلیمی دنوں کے اندر مکمل ہو جائے۔ پرنسپل اس بات کو یقینی بنائے گا/گی کہ IEP اور بروشر کی ایک ایک کاپی آپ کو ملے جو'والدین کے لیے IEP رہنما کتابچہ' ہےجس میں IEP کا مقصد، پروسس اور IEP سے متعلق معلومات مہیا کرائی گئی ہیں۔

## اگر IPRC کے فیصلے (فیصلوں) سے مجھے اتفاق نہ ہو تو کیا کیا جائے؟

آپ IPRC کی میٹنگ پھر سے بلانے کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔ IPRC کے بنیادی فیصلے کی کاپی موصول ہونے کے بعد پندرہ دن کے اندر ہی آپ کو ایسا کرنا ہوگا۔ اِس فولو اَپ میٹنگ کا مقصد آپ کے خدشات کی روشنی میں IPRC کے فیصلوں پر نظرثانی کرنا ہوگا – یا آپ کے بچے کے خدشات کی روشنی میں،اگر اس کی عمر سولہ برس سے زیادہ ہے۔

آپ کی درخواست موصول ہونے کے بعد میٹنگ جلد سے جلد منعقد کی جائے گی۔ اس میٹنگ میں آپ کمیٹی کے سامنے اپنے خدشات وضاحت سے پیش کر سکیں گے۔ کمیٹی آپ کے سروکاروں کو توجہ سے سنے گی اور انھیں حل کرنے کی کوشش کرے گی۔ IPRC آپ کی موجودگی میں ہی یہ فیصلہ کرے گی کہ وہ اپنے فیصلے (فیصلوں) کو بدلے یا نہ بدلے۔ اگر آپ اس کے بعد بھی غیر مطمئن رہتے ہیں تو آپ IPRC کے فیصلے (فیصلوں) کے خلاف اپیل کر سکتے ہیں۔

## IPRC کے فیصلے کے خلاف اپیل کس طرح کی جائے؟

اگرآپ یا آپ کا بچہ (عمرسولہ برس یا اس سے زیادہ) IPRC کے فیصلے (فیصلوں) سے اختلاف رکھتے ہیں تو آپ :

- IPRC کا بنیادی فیصلہ (فیصلے) موصول ہونے کے بعد آپ تیس دن کے اندر اپیل کا ایک تحریری نوٹِس یورک علاقے کے ضلعی اسکول بورڈ کے ڈائرکٹر/ سکریٹری کو اس پتے پر بھیج سکتے ہیں - 60 Wellington St. W., Aurora, ON, L4G 3H2؛ یا
- IPRC کی دوسری میٹنگ کا فیصلہ موصول ہونے کے بعد پندرہ دن کے اندر اپیل کا ایک تحریری نوٹِس مذکورہ بالا پتے پر ہی بورڈ کے ڈائرکٹر/ سکریٹری کو بھیج سکتے ہیں۔

  اپنی اپیل کے خط میں آپ کو یہ ضرور واضح کرنا ہوگا کہ IPRC کے کون کون سے فیصلوں کے خلاف آپ اپیل کر رہے ہیں اور کمیٹی سے آپ کے اختلاف کی وجوہات کیا کیا ہیں۔

## اپیل بورڈ کے اراکین کون کون ہوتے ہیں؟

خصوصی تعلیمی اپیل بورڈ تین اراکین پر مشتمل ہوتا ہے، جن میں سے کسی بھی ممبر کا اپیل شدہ معاملے سے پہلے کوئی واسطہ نہیں ہوتا۔ کمیٹی میں یہ لوگ شامل ہوتے ہیں:

- ایک ممبر یورک ریجن ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ کا منتخب کیا ہوا؛
- ایک ممبر آپ کا، یعنی والدین کا منتخبہ؛

- ایک سربراہ، جس کا انتخاب بقیہ دونوں اراکین کے ذریعے کیا جاتا ہے، یا وزارتِ تعلیم کا ایک مناسب ضلعی مینیجر، اُس صورت میں جب دونوں اراکین سربراہ کے نام پر متفق نہ ہو پائیں۔

## اپیل بورڈ کیا کرتا ہے؟

اپیل بورڈ کا سربراہ اپنے انتخاب کے تیس دن کے اندر اپیل بورڈ کی میٹنگ کا اہتمام کرے گا۔ اس میٹنگ میں، اپیل بورڈ IPRC کے نظرثانی شدہ مواد کو وصول کرنے کے بعد اس کی بازدید کرے گا اور ہر اس شخص سے گفتگو کرے گا جو اِس معاملے میں کسی بھی طرح کی اطلاعات فراہم کر سکتا ہے۔ آپ اور آپ کا بچہ (عمرسولہ برس یا اس سے زیادہ) مباحث میں شرکت کے لیے مدعو کیے جائیں گے۔

میٹنگ کے خاتمے پر، تین دن کے اندر، اپیل بورڈ اپنی سفارشات پیش کرے گا۔ یہ ہو سکتا ہے کہ اپیل بورڈ:
- IPRC سے متفق ہو اور یہ سفارش کرے کہ فیصلے پر عمل کیا جائے؛ یا
- IPRC سے اختلاف کرے اور آپ کے بچے کی نشاندہی، پلیسمینٹ یا دونوں کے تعلق سے بورڈ سے سفارش کرے۔ اپیل بورڈ اپنی سفارشات اور ان کے اسباب، تحریری صورت میں آپ کے اور بورڈ کے حوالے کرے گا۔

## اپیل بورڈ کی سفارشات پر عمل درآمد کس طرح کیا جاتا ہے؟

- اپیل بورڈ کا تحریری بیان موصول ہونے کے بعد تیس دن کے اندر بورڈ یہ طے کرے گا کہ سفارشات پر کس طرح عمل کیا جائے۔ (براے مہربانی ملحوظ رکھیں: ضروری نہیں کہ اسکول بورڈ اپیل بورڈ کی سفارشات کو عملی جامہ پہنائیں)
- آپ بورڈ کے فیصلے کو تسلیم کر سکتے ہیں یا پھر خصوصی تعلیمی ٹریبیونل کے سیکریٹری کوتحریری اپیل بھیج سکتے ہیں۔ ٹریبیونل کو درخواست دینے کی معلومات اپیل بورڈ کے فیصلے میں ہی شامل ہوگی۔

## نشاندہی اور پلیسمینٹ کے عمل کی بازدید/نظرثانی کس طرح کی جاتی ہے؟

جب آپ کے بچہ کو خصوصی تعلیمی پروگرام میں شامل ہوئے تین مہینے گزر جائیں تو آپ اس کی بازدید کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ بازدید کرنے والی IPRC نئی اطلاعات کی روشنی میں نشاندہی اور پلیسمینٹ کے بنیادی فیصلوں پر نظر ثانی کرے گی اور پھر فیصلہ کرے گی کہ کیا وہ اسی طرح جاری رہیں اس پر کوئی مختلف فیصلہ طے کیا جائے۔

بازدید کرنے والی IPRC کی میٹنگ ہر تعلیمی سال میں منعقد کی جائے گی۔
- اگر آپ کا بچہ کسی 'کمیونٹی کلاس' میں ہے یا نشاندہی اور پلیسمینٹ میں کوئی تبدیلی ہوئی ہے، تو باقاعدہ سالانہ IPRC منعقد ہوگی، اور آپ کو IPRC میں شرکت کا دعوت نامہ ملے گا۔
- اگر آپ کا بچہ کسی 'کمیونٹی کلاس' میں ہے اور اسکول یہ سفارش کرتا ہے کہ وہ موجودہ نشاندہی اور پلیسمینٹ جاری رہے، تو آپ کو IPRC کی نشاندہی اور پلیسمینٹ کے تسلسل سے متعلق ایک توثیقی خط ملے گا، جس کے مطابق والدین کویہ متبادل اختیارات/ آپشن حاصل ہوں گے:
  - IPRC کی ایک باقاعدہ میِٹنگ کی درخواست دیں؛
  - اگر آپ یہ محسوس کرتے ہیں کہ موجودہ نشاندہی اور پلیسمینٹ کے تحت آپ کے بچے کی ضروریات بخوبی پوری ہو رہی ہیں تو میٹنگ میں نہ جائیں۔

## کون کون سے خصوصی تعلیم کے پروگرام اور خدمات فراہم ہیں؟

بورڈ ہر قسم کے غیر معمولی پن والے طلبہ کے لیے خصوصی تعلیم کے پروگراموں کے بہت سے آپشن فراہم کراتا ہے۔ پروگرام آپشنز میں ریگولر کلاس روم سیٹنگ میں ہی کلاس کے اندر مدد فراہم کی جاتی ہے،

اور یا تعلیم کے لیے کلاس سے ہٹا لیا جاتا ہے، یا جزوی طور ہر منسلک خصوصی تعلیم کی کلاس میں بھیج دیا جاتا ہے۔ انسلاک کے مواقع ایسے تمام طلبہ کو فراہم کرائے جاتے ہیں جنھیں خصوصی تعلیم کی ضرورت ہے۔ خصوصی تعلیم کی ضرورتوں والے تمام طلبہ کے لیے معیاری پروگرام ترتیب دینے میں مدد کرنے کے لیے 'طلبہ خدمات' کا ریسورس اسٹاف موجود ہے۔

خصوصی تعلیمی خدمات اور پروگراموں کے بارے میں مزید جانکاری کے لیے آپ بورڈ کے 'خصوصی تعلیمی پروگرام' کو دیکھ سکتے ہیں، جو بورڈ کی ویب سائٹ www.yrdsb.ca پر آن لائن موجود ہے۔ اس کے لیے آپ اپنے مقامی اسکول سے رابطہ قائم کر سکتے ہیں یا:

- اپنے بچے کے اسکول کے پرنسپل سے؛
- اپنے سپرنٹنڈنٹ آف اسکول سے؛ یا
- اسٹوڈنٹس سروِسز سے:

York Region District School Board
Centre for Leadership and Learning
300 Harry Walker Parkway South,
Newmarket, ON L3Y 8E2
فون 727-0022 (905) یا 969-7170 (416) ایکسٹینشن 3235

## کون سی تنظیمیں والدین کی مدد کر سکتی ہیں؟

بہت سی ایسی تنظیمیں فراہم ہیں جو خصوصی تعلیم کی ضرورتوں والے بچوں کے والدین کو معلومات اور مدد فراہم کرتی ہیں۔ مثال کے طور پر، ان گروپوں کو دیکھیے جو خصوصی تعلیم کی مشاورتی کمیٹی Special Education Advisory Committee سے ملحق ہیں۔

## وزارت کے صوبائی اور ڈیمونسٹریشن اسکول

وزارتِ تعلیم صوبائی اور ڈیمونسٹریشن اسکول پورے اونٹاریو میں ایسے طلبہ کے لیے چلاتی ہے جوسماعت، بینائی، بیک وقت سماعت، گویائی اور بینائی سے محروم ہیں، اورسیکھنے میں شدید معذوری رکھتے ہیں، اور ان کے لیے بھی جو سیکھنے سے معذور ہونے کے ساتھ ساتھ ذہنی ارتکاز کے فقدان و فعالیت میں عدم توازن Attention Deficit Hyperactivity Disorder (ADHD) میں مبتلا ہیں۔ اسکولوں میں رہائشی پروگرام سوموار سے جمعے کے بیچ ان طلبہ کے لیے فراہم ہیں جواسکول سے اتنی دور رہتے ہیں کہ روزانہ سفر نہیں کر سکتے۔

## سیکھنے میں شدید معذوری اور معذوری رکھنے والے انگریزی داں طلبہ کے لیے ڈیمونسٹریشن اسکول جوADHD کے تعاون سے چل رہے ہیں:

Sagonaska School
350 Dundas St. West
Belleville ON, K8P 1B2
فون: 967-2830 (613)

Amethyst School
1090 Highbury Ave.
London ON, N5Y 4V9
فون: 453-4408 (519)

Trillium School
347 Ontario St. South
Milton ON, L9T 3X9
فون: 878-8428 (905)

### سماعت سے محروم طلبہ کے اسکول

Ernest C. Drury School
255 Ontario Street South
Milton ON, L9T 2M5
فون: 878-2851 (905)
ٹی ٹی وائی: 878-7195 (905)

Robarts School
1090 Highbury Avenue
PO Box 7360, Station E
London ON, N5Y 4V9
فون اور ٹی ٹی وائی: 453-4400 (519)

Sir James Whitney School
350 Dundas Str. West
Belleville ON, K8P 1B2
فون اور ٹی ٹی وائی: 967-2823 (613)

### نابینا اور گونگے- نابینا طلبہ کے اسکول

W. Ross Macdonald School
350 Brant Avenue
Brantford ON, N3T 3J9
فون: 759-0730 (519)

### سماعت سے محروم اور سیکھنے میں معذوری والے طلبہ کے فرانکو فون اسکول

Centre Jules-Leger
281 rue Lanark
Ottawa ON, K1Z 6R8
فون: 761-9300 (613)
ٹی ٹی وائی: 761-9302 (613) اور 761-9304

درخواست پر بریل، جلی طباعت والا مواد اور آڈیو کیسٹ فراہم کیے جاتے ہیں۔

## خصوصی تعلیمی ضروریات والے طلبہ کی مدد کے لیے ہمکاری

اونٹاریوکے تعلیمی ایکٹ کے تحت خصوصی تعلیمی ضروریات والا ہر طالبِ علم، اپنی ضرورتوں کوپورا کرنے کے لیے خصوصی تعلیم پروگرام اور خدمات حاصل کرنے کا حقدار ہے۔ یورک کے علاقے میں، خصوصی تعلیم کی مشاورتی کمیٹی (Special Education Advisory Committee (SEAC بورڈ کی ایک قانوناً منظورشدہ کمیٹی ہے اور یہ تین مقررہ ٹرسٹیوں پرمشتمل ہے۔ یہ کمیٹی اس بات کو یقینی بنانے میں اہم رول ادا کرتی ہے کہ خصوصی تعلیمی ضرورتوں والے طلبہ کومناسب تعلیمی خدمات فراہم ہوں۔

خصوصی تعلیمی پروگرام اور خدمات قائم کرنے اور ترتیب دینے کے سلسلے میں SEAC بورڈ کو سفارشات بھیج سکتی ہے۔ ایسے والدین اور سرپرستوں کی مدد کے لیے بھی، جن کے بچوں کو اضافی مدد کی ضرورت ہوتی ہے، SEAC ضروری معلومات، صلاح اور تعاون فراہم کرتی ہے۔

## خصوصی تعلیم ان امور کے لیے عہد بند ہے:

- طلبہ کے لیے پروگرام بنانے میں پیش بندی کا رویہ؛
- خصوصی تعلیمی ضروریات والے سبھی طلبہ کو بہترین تقویت دینے والا ماحول فراہم کرنا؛
- طلبہ کی ضروریات کے جواب میں مسلسل جاری رہنے والی خدمات پہنچانے کے آپشن؛
- خصوصی تعلیمی ضروریات والے طلبہ کے لیے معیاری پروگراموں کی ترتیب و تنظیم میں مدد دینے کی غرض سے ریسورس اسٹاف کی فراہمی؛
- اسکول کمیونٹی کے اندردوسروں کے ساتھ بامعنی شرکت اور گفتگو کے ذریعے خصوصی تعلیمی ضروریات والے طلبہ کا ارتباط اور شمولیت؛
- خصوصی تعلیمی ریسورس اور ریگولر اسٹاف کے درمیان اشتراک کی منصوبہ بندی؛ اور
- حصہ داری/ پارٹنرشپ کی نگرانی اور تنظیم و قیام۔

## آپ مدعو ہیں!

سبھی والدین اور دل چسپی لینے والے کمیونٹی باشندوں کا استقبال ہے کہ وہ آئیں اور ہماری خصوصی تعلیم کی مشاورتی کمیٹی کی میٹنگوں کا مشاہدہ کریں۔

SEAC کی میٹنگیں عموماً ہر مہینے کی پہلی جمعرات کو شام کے سات بجے ہوتی ہیں، اس مقام پر:
The Education Centre, Aurora
(ویلنگٹن پر،یونگ اسٹریٹ کے مغرب میں) Wellington Street West 60 L4G 3H2
میٹنگ کا نظام الاوقات بورڈ کی ویب سائٹ www.yrdsb.ca پر فراہم ہے۔

## کیا مزید معلومات کی ضرورت ہے؟

کیا آپ SEAC یا بورڈ کے خصوصی تعلیم پروگرام اور خدمات کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں؟ برائے مہربانی فون کریں:

طلبہ خدمات کا سپرنٹنڈنٹ
فون: 969-7170 (416) یا 727-0022 (905)، ایکسٹینشن 3235

طلبہ خدمات کا پرنسپل
فون: 969-7170 (416) یا 727-0022 (905)، ایکسٹینشن 3460

بورڈ کی ویب سائٹ www.yrdsb.ca دیکھیں۔

اگر آپ ٹرسٹی نمائندگی کے بارے میں معلومات چاہتے ہیں، برائے مہربانی رابطہ کریں:

لوری ڈیونپورٹ، انتظامی معاون
تعلیمی اورکمیونٹی خدمات
فون: 727-0022 (905)، ایکسٹینشن 2027، فیکس: 727-3053 (905)
ای میل: lori.davenport@yrdsb.ca

## یورک ریجن ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ کے SEAC اراکین – 2015-2018 کی پبلک فہرست

اگر آپ SEAC اراکین کے کسی مخصوص نمائندے کے بارے میں معلومات چاہتے ہیں، برائے مہربانی رابطہ کریں:

لوری ڈیونپورٹ، انتظامی معاون
تعلیمی اورکمیونٹی خدمات
فون: 727-0022 (905)، ایکسٹینشن 2027، فیکس: 727-3053 (905)
ای میل: lori.davenport@yrdsb.ca

Association for Bright Children -
York Region North
135 Brant Street, Oakville ON, L6K 2Z8
1-844-443-8332, www.abcontario.ca

Association for Bright Children -
York Region South
135 Brant Street, Oakville ON, L6K 2Z8
1-844-443-8332, www.abcontario.ca

Autism Ontario - York Region Chapter
Loyal True Blue and Orange Home building
11181 Yonge Street #215, Richmond Hill, ON, L4S 1L2
(905) 780-1590, www.autismontario.com/york

The Canadian National Institute for the Blind
615 Davis Drive, Suite 100, Newmarket, ON, L3Y 2R2
(905) 898-6413, 1-800-563-0887, york@cnib.ca

Children's Treatment Network of Simcoe York (CTN)
13175 Yonge Street, Richmond Hill, ON, L4E 0G6
(905) 954-4011, (905) 773-7090 (فیکس)
1-877-719-4795, www.ctn-simcoeyork.ca

Community Living Georgina
26943 Hwy. 48, P.O. Box 68, Sutton West ON, L0E 1R0
(905) 722-8947, (905) 722-9591 (فیکس)
www.communitylivinggeorgina.com

Community Living Newmarket/Aurora District
757 Bogart Avenue, Newmarket ON, L3Y 2A7
(905) 898-3000, (905) 773-6346 (ٹورنٹو), (905) 898-6441 (فیکس)
www.clnad.com

Community Living York South
101 Edward Avenue, Richmond Hill ON, L4C 5E5
(905) 884-9110, (905) 737-3284 (فیکس)
www.communitylivingontario.ca

Down Syndrome Association of York Region
P.O. Box 2063, Station B, Richmond Hill ON L4E 1A3
(416) 410-DOWN, 1-800-649-3639, www.dsayr.ca

Early Intervention Services of York Region
The Regional Municipality of York
9275 Markham Road, Unit 15, Markham ON L6E 1A3
(905) 762-1282, (905) 762-0107 (فیکس), www.york.ca

Easter Seals of Ontario
One Concorde Gate, Suite 700, Toronto ON M3C 3N6
(416) 421-8377, 1-800-668-6252, (416) 696-1035 (فیکس)
www.easterseals.org

Learning Disabilities Association - York Region
11181 Yonge Street, Unit 221, Richmond Hill, ON, L4S 1L2
(905) 884-7933 Ext. #22, (905) 770-9377 (فیکس)
http://ldyar.org

Learning Disabilities Association - York Region North
11181 Yonge Street, Unit #221, Richmond Hill, ON, L4S 1L2
(905) 884-7933 Ext. #21, (905) 770-9377 (فیکس)
http://ldyar.org

VOICE for Hearing Impaired Children
P.O. Box 30045, Dundas Street West, Oakville, ON, L6H 6Y3
(416) 487-7719, 1-866-779-5144, (416) 487-7423 (فیکس)
www.voicefordeafkids.com

York Support Services Network
240 Edward Street, Unit 3, Aurora ON, L4G 3S9
1-866-275-9776, (905) 898-6455 (ایکسٹینشن) #2240
(905) 898-1171 (فیکس), www.yssn.ca


**اسٹاف نمائندگی**
سپرنٹنڈنٹ،طلبہ خدمات
کیٹ ڈایاکیو
فون: 727-0022 (905)، ایکسٹینشن #3235، kate.diakiw@yrdsb.ca

سپرنٹنڈنٹ، نصاب اور درسی خدمات
ہیدر سِیئرز
فون: 0022-727 (905)، ایکسٹینشن 3419#، heather.sears@yrdsb.ca

پرنسپل، طلبہ خدمات
جوڈی سیپکوفسکی
فون: 0022-727 (905)، ایکسٹینشن 3219#، jodi.sepkowski@yrdsb.ca
وینڈی سوین
فون: 0022-727(905)، ایکسٹینشن 3460#، wendy.swaine@yrdsb.ca

سیکنڈری پرنسپل
کارمن سپٹیری-جانسن
carmen.spiteri-johnson@yrdsb.ca

ایلیمنٹری پرنسپل
کیٹ کیوریک
kate.kurek@yrdsb.ca

انتظامی معاون
تعلیمی اور کمیونٹی خدمات
لوری ڈیونپورٹ
فون: 0022-727 (905)، ایکسٹینشن 2027، فیکس: 3053-727 (905)
ای میل: lori.davenport@yrdsb.ca

نوٹ: تین ٹرسٹیوں کی نمائندگی